فوری ریلیز کے لیے: 5/8/2024 گورنر KATHY HOCHUL

گورنر HOCHUL نے نیو یارک کی ترقی کرتی ہوئی معیشت میں ماحول دوست توانائی کو مزید وسعت دینے کے معاملے پر تبادلہ خیال کرنے کے لیے عالمی ماہرین کا کنوینشن منعقد کرنے کا اعلان کر دیا

اس کنویشن میں قابل تجدید توانائی کی تعیناتی تیز تر کرنے اور کلین انرجی ٹیکنالوجیز کی اگلی نسل کا ممکنہ کردار متعین کرنے والی حکمت عملیوں کے متعلق ماہرانہ آراء اور تاثرات اکٹھے کیے جائیں گے

اس سے نیویارک کے لیے صاف توانائی، اقتصادی ترقی اور افرادی قوت کے مواقع کی ترقی کی حمایت بھی ہو رہی ہے اور ساتھ ہی غریب و پسماندہ کمیونٹیز تک اسکے فوائد بھی پہنچ رہے ہیں

اس سے گورنر Hochul کی بے مثال سرمایہ کاریوں اور قابل تجدید توانائی کے استعمال میں اضافہ کرنے اور نیو یارک کے صاف اور قابل تجدید توانائی کے اہداف کو حاصل کرنے کے لئے انکے قابل قدر اقدامات کو بھی مزید مہمیز مل رہی ہے

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا کہ ریاست نیو یارک اپنی ریاست کی اقتصادی ترقی کی مدد و معاونت کرنے والی قابل تجدید توانائی کی تعیناتی تیز تر کرنے کی خاطر صاف توانائی والی ٹیکنالوجیز کی اگلی نسل سے متعلقہ حکمت عملیوں کے کردار پر تبادلہ خیال کرنے کے لیے عالمی ماہرین کو اپنے ہاں مدعو کرے گی۔ 4-5 ستمبر کو منعقد ہونے والی "Future Energy Economy Summit" میں متعلقہ ریاستی ایجنسیاں اور حکام، عالمی اور وفاقی رہنما، بجلی پیدا کرنے والے پروڈیوسرز، تکنیکی ماہرین، مزدوروں کے گروپس، ماحولیاتی گروپس، کاروباری گروپس اور دیگر دلچسپی رکھنے والے اسٹیک ہولڈرز کو بلایا جائے گا۔ اس کانفرنس میں اس بات کا جائزہ لیا جائے گا کہ صاف توانائی سے متعلقہ ٹیکنالوجیز کی اگلی نسل کس طرح تجارتی اور صنعتی اداروں کے قیام اور توسیع میں معاونت کر سکتی ہیں، اور ساتھ ہی اس پر بھی غور کیا جائے گا کہ ریاست کس طرح ایسے قابلِ ترسیل اور مضر اخراج سے پاک وسائل کی تعیناتی کی رفتار بڑھا سکتی ہے جو قابل تجدید توانائی کا استعمال بڑھانے کے سلسلے میں اسکی شاندار اور مسلسل جاری کاوشوں کو مزید تقویت دینے کے لیے درکار ہوں گے۔

"اب جبکہ ہم نیو یارک میں نئے مینوفیکچرنگ اور اقتصادی مواقع لانے کا عمل جاری رکھے ہوئے ہیں، تو ساتھ ہی ہم یہ امر بھی یقینی بنا رہے ہیں کہ یہ کاروبار ایک صاف اور قابل تجدید معیشت کے ہمارے تصور کے ساتھ پوری طرح ہم آہنگ ہوں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "قابل تجدید توانائی میں ہماری تاریخی سرمایہ کاری کی حمایت کرتے ہوئے، یہ سربراہی اجلاس روشن ترین دماغوں کو باہم اکٹھا کرکے یہ جائزہ لے گا کہ ہم اپنی ترقی کی رفتار مزید تیز کس طرح کر سکتے ہیں، ٹیکنالوجیز کی اگلی نسل ہماری پوری ریاست میں معاشی ترقی اور ملازمتوں کو تحریک دینے میں کیا ممکنہ کردار ادا کر سکتی ہے، اور نیو یارک کا اختراعی ماحولیاتی نظام مستقبل کی ان صنعتوں کی معاونت کیسے کر سکتا ہے۔"

گورنر نے ریاست نیویارک کی توانائی کی تحقیق و ترقی کی اتھارٹی (New York State Energy Research and Development Authority، NYSERDA) بورڈ کے چیئر Richard Kauffman کو اس سربراہی اجلاس کا سربراہ تعینات کیا ہے تاکہ وہ کانفرنس کے چیئر کی ذمہ داریاں نبھائیں اور ساتھ ہی NYSERDA، عوامی خدمت کا محکمہ (Department of Public Service, DPS)، ایمپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ (Empire State

(Development, ESD)، نیو یارک بجلی کی اتھارٹی (New York Power Authority , NYPA)، ماحولیاتی تحفظ کے محکمہ (Department of Environmental Conservation, DEC)، محکمہ صحت (Department of Health, DOH)، ڈویژن برائے وطن کی سلامتی اور ایمرجنسی کی خدمات (Division of Homeland Security and Emergency Services, DHSES) اور محکمہ محنت (Department of Labor, DOL) کے قائدین اور عملے کی خدمات سے بھی استفادہ کریں۔

ریاست نیو یارک اقتصادی ترقی کے تاریخی منصوبوں اور تعمیرات اور نقل و حمل کے شعبوں میں الیکٹریفیکیشن ٹیکنالوجیز کے بڑھتے ہوئے اختیار کی بناء پر آنے والے سالوں میں بجلی کی طلب میں بڑے اضافے کی توقع کر رہی ہے۔ پوری ریاست میں آف شور ونڈ، ہائیڈرو پاور، سولر اور آن شور ونڈ جیسی قابل تجدید توانائی کا استعمال بڑھانے اور اس عمل کی رفتار میں اضافہ کرنے سے متعلقہ ریاست نیو یارک کی بے مثال اور مسلسل وابستگی سے استفادہ کرتے ہوئے اس سربراہی اجلاس کا ایک اہم کام یہ ہوگا کہ وہ ان ٹیکنالوجیز کے متعلق مزید معلومات جمع کرے جن میں جیوتھرمل، جدید جوہری، صاف ہائیڈروجن، طویل مدتی توانائی ذخیرہ کرنے کے ساتھ ساتھ دیگر ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز کی اگلی نسل کے متعلق معلومات جمع کرنا بھی شامل ہوگا۔ اس عمل سے حاصل کردہ معلومات پوری ریاست میں معاشی ترقی کی حمایت کے لیے ان ٹیکنالوجیز کے استعمال میں ریاستی حکمت عملیوں سے آگاہی دیں گی اور پبلک سروس کمیشن (کمیشن) کی اس کارروائی کے لیے سیاق و سباق فراہم کریں گی جو ان ٹیکنالوجیز پر تحقیق کر رہا ہے جو 2040 صفر کے اخراج والے بجلی کے نظام کے اس ہدف کو پورا کرنے میں مدد دے سکتی ہیں جو نیویارک کے موسمیاتی ایکٹ (New York's Climate Act) کے ذریعے مقرر کیا گیا تھا۔

NYSERDAاور DPS کا عملہ فی الوقت متنوع نسل کی جنریشن ٹیکنالوجیز کی ٹیکنالوجی اور معاشی مطالعے تیار کر رہا ہے جو قابل تجدید توانائی کی وسیع پیمانے پر تعیناتی والے ریاستی ہدف کی تکمیل کر سکتے ہیں اور معیشت کو کاربن سے چھٹکارا دلوانے میں وسیع تر کردار ادا کر سکتی ہیں۔ یہ مطالعے چھوٹے ماڈیولر نیوکلیئر ری ایکٹروں سے لے کرطویل مدتی توانائی ذخیرہ کرنے والی ٹیکنالوجیز اور گرڈ بنانے والے انورٹرز تک کی تکنیکوں کا جائزہ لیں گے اور ان سے متعلقہ معلومات اکٹھی کریں گے۔ یہ مطالعے اس سربراہی اجلاس کے نتائج کی تکمیل بھی کریں گے اور کمیشن کی کارروائی سمیت مستقبل کی نسل کے لیے ریاست کے اختیارات سے آگاہی بھی دیں گے۔

اس سربراہی اجلاس میں نیو یارک میں ان ٹیکنالوجیز کی سپلائی چین کی سرمایہ کاریوں، افرادی قوت کے مواقع، اور ان سرمایہ کاری کو بڑے لوڈ کی نمو اور کم کاربن والی اقتصادی ترقی کی معاونت اور پسماندہ کمیونٹیز کو فائدہ پہنچانے کے لیے کس طرح استعمال کیا جائے اس سے متعلقہ کلیدی عوامل پر غور و فکر کیا جائے گا۔ اس سربراہی اجلاس ایک بلیو پرنٹ تیار کرنے کے بارے میں بھی آگاہی حاصل کی جائے گی جس میں اعلی درجے کی جوہری پاور جنریشن کی تعیناتی اور ممکنہ وفاقی فنڈنگ والے پروگراموں سے استفادہ کرنے کے طریقوں پر بھی غور و فکر کیا جائے گا جن میں جوہری منصوبہ بندی کی گرانٹس شامل ہیں لیکن صرف انہی تک محدود نہیں۔

اس ایونٹ کی محدود گنجائش کی وجہ سے، سربراہی اجلاس میں شرکت کے خواہشمندوں سے گزارش ہے کہ وہ جمعرات، 29 اگست 2024 تک یہاں رجسٹر ہو جائیں۔ ایونٹ میں شرکت میں دلچسپی رکھنے والا سند یافتہ میڈیا یہاں رجسٹر ہو سکتا ہے۔

ریاست نیویارک کی توانائی کی تحقیق و ترقی کی اتھارٹی کے چیئر Chair Richard Kauffman نے کہا، "مجھے نیویارک کی Future Energy Economy Summit کا چیئر بننے کے اعزاز پر بہت فخر محسوس ہو رہا ہے۔ بالکل اسی وقت میں جب ریاست نیویارک شمسی توانائی اور ہوا سے بجلی پیدا کرنے والے اپنے عزائم میں تیزی لا رہی ہے، تو یہی موزوں ترین وقت ہے کہ ہم ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز کے اس کردار کا جائزہ لیں جو وہ نیویارک کو صفر اخراج والے گرڈ کے حصول میں ادا کر سکتی ہیں۔ یہ سربراہی اجلاس ہمارے آب و ہوا کے اہداف کے حصول میں کافی حد تک مدد کرے گا۔ میں اپنے ان متعدد ماہرین، صنعت کے رہنماؤں، اور شراکت داروں کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے نیو یارک کو صاف توانائی پر منتقلی میں اپنی چھی قیادتی پوزیشن قائم رکھنا یقینی بنانے کے لئے اس اجلاس میں شرکت کی ۔"

ریاست نیو یارک کی توانائی کی تحقیق اور ترقی کی اتھارٹی کی صدر اور سی ای او Doreen M. Harris نے کہا، "ٹیکنالوجیز کی نئی نسل کی تلاش کے ساتھ جوڑ بنانے والی اختراعی سوچ ہماری پہلے سے ترقی پذیر صاف توانائی کی معیشت کو آگے بڑھنے کا راستہ فراہم کرنے کا سنگ بنیاد ہے۔ اب جبکہ ہم ریاست اور قوم کے لیے کارروائی کا طریقہ کار طے کر رہے ہیں، تو یہ سربراہی اجلاس سرکاری اور نجی شعبوں سے تعلق رکھنے دماغوں کو اس شعبے کے بہترین طریقے ایک دوسرے کے ساتھ شیئر کرنے، ماہرین کے ساتھ گفت و شنید کرنے، اور ریاستی حکام کو تنقیدی آراء مہیا کرنے کی استعداد دے گا۔"

ریاست نیویارک کے عوامی خدمت کے محکمہ کے سی ای او Rory M. Christian نے کہا، " Future Energy Economy Summit صاف توانائی اور اقتصادی ترقی پر توجہ مرکوز کرنے کا ایک اہم ذریعہ ثابت ہوگی۔ گورنر Hochul کو مبارکباد کہ انہوں نے اتنے موزوں وقت میں اس کانفرنس کا انعقاد کیا۔"

Empire State Development کی صدر، سی ای او اور کمشنر Hope Knight نے کہا، "گورنر Hochul کے زیرِ قیادت، نیو یارک نے پوری ریاست میں ایک پائیدار مستقبل کے لیے منصوبہ بندی اور تعمیر کا عمل جاری رکھا ہوا ہے۔ Future Energy Economy Summit صاف توانائی اور اقتصادی ترقی کے پیشہ ور ماہرین کے درمیان زیادہ سے زیادہ تعاون کو بھی فروغ دے گی اور ایسے طریقے بھی دریافت کرے گی جن سے ریاست نیویارک ریاست ترقی کے دستیاب مواقع کو زیادہ سے زیادہ بہتر طور پر استعمال کر سکے۔"

نیو یارک بجلی کی اتھارٹی (New York Power Authority) کے صدر اور سی ای اوJustin E. Driscoll نے کہا، "نیو یارک بجلی کی اتھارٹی کو اپنی مہارت Future Energy Economy Summit میں لانے پر بہت مسرت ہے کیونکہ اسکے ذریعے ماحولیاتی ایکشن کے ہم خیال اور ہم ذہن ساتھیوں کے ساتھ مل کر نیویارک کو صاف توانائی کی معیشت کی جانب منتقل کرنے کا عمل زیادہ تی رفتاری سے آگے بڑھ سکے گا۔ ہم پرائیویٹ اور پبلک پارٹنرز کے ساتھ مل کر کام کرنے کے بہت شوق سے منتظر ہیں تاکہ ایسی جدید ٹیکنالوجیز میں پیشرفت کی جا سکے جنکے نتیجے میں نیویارک کے صفر کے سنہ 40 تک صفر والا ہدف حاصل کرنا زیادہ آسان ہو جائے گا۔"

محکمہ برائے تحفظ ماحولیات (Department of Environmental Conservation) کے عبوری کمشنر Sean Mahar نے کہا، "ریاست نیویارک آب و ہوا کی قیادت اور کمیونٹی تحفظ ایکٹ (Climate Leadership and Community Protection Act) کو نافذ کرنے کے لیے وسیع پیمانے پر پروگراموں، اقدامات، شراکت داریوں اور سرمایہ کاری کو آگے بڑھا رہی ہے، اس ایکٹ کے مطابق گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج میں کمی لا رہی ہے، اور پوری ریاست میں قابل تجدید توانائی کے منصوبوں میں تیزی سے پیشرفت کر رہی ہے۔ میں گورنر Hochul کا معترف ہوں کہ انہوں نے اس سربراہی اجلاس کا انعقاد ممکن بنایا، اور میں تازہ ترین صاف توانائی کی ٹیکنالوجیز کو دریافت کرنے اور نیو یارک کو فوسل فیول سے کامیابی کے ساتھ منتقل کرنے کے لیے ریاست کی جاری کوششوں کو مزید آگاہی دینے اور ان میں تیزی لانے کے لیے انہیں دل سے سراہتا ہوں کہ انہوں نے منصفانہ سوچ کو ترجیح دی اور زیادہ سبزہ، زیادہ صحت مند کمیونٹیز کی تعمیر میں مدد کی۔"

ریاست کے صحت کے کمشنر Dr. James McDonald نے کہا، "آب و ہوا یقیناً بدل گئی ہے اور یہ بات سب پر واضح ہو چکی ہے کیونکہ ہم سبھی زیادہ شدید موسم بھی دیکھ رہے ہیں اور اپنی صحت اور تندرستی پر انکے اثرات کا بھی مشاہدہ کر رہے ہیں۔ محکمہ صحت (Department of Health) کا اس سلسلے میں بہت اہم کردار ہے کیونکہ موسمیاتی تبدیلیوں کے نتیجے میں پڑنے والی شدید گرمی، طوفانوں اور ہوا کے معیار کے مسائل ہماری کمیونٹیز کی صحت پر براہ راست ڈال رہے ہیں۔ ہم ایسی قابل تجدید توانائیوں کی حوصلہ افزائی کے لیے اپنے شراکت داروں کے ساتھ کام کرنے کے منتظر ہیں جو بالآخر نیویارک کے تمام شہریوں کی صحت کے تحفظ میں مددگار ثابت ہوں گی۔"

ریاست نیو یارک کے محکمۂ محنت (Department of Labor) کی کمشنر Roberta Reardon نے کہا، "ریاست نیو یارک کی صاف توانائی سے وابستگی ماحولیاتی ذمہ داری اور اقتصادی مواقع سے استفادہ کرنے کا ایک منہ بولتا ثبوت ہے۔ اگلی نسل کی توانائی کی ٹیکنالوجیز کو بروئے کار لا کر ہم اپنے آب و ہوا کے اہداف کے حصول میں آگے بڑھ رہے ہیں، اچھی تنخواہوں والی ملازمتیں تخلیق کر رہے ہیں، اور ایک ایسی مستحکم معیشت کی تعمیر

کر رہے ہیں جس سے نیویارک کے تمام باشندوں کو فائدہ ہوگا۔ اس سربراہی اجلاس میں شرکت کرنے والے ماہرین اس شعبے کے سب سے بڑے دماغ ہیں, اور یہ اجتماع ماحولیاتی طور پر ذمہ دار مستقبل کی جانب ہمارا سفر اور بھی آسان کر دے گا۔"

آج کا یہ اعلان حالیہ وفاقی صاف توانائی کی سرگرمیوں کو مزید مہمیز دے رہا ہے، بشمول وائٹ ہاؤس سمٹ آن ڈومیسٹک نیوکلیئر ڈیپلائمنٹ (White House Summit on Domestic Nuclear Deployment) جو مئی میں منعقد ہوئی تھی اور جس نے پوری دنیا میں ہونے والی ان پیشرفتوں کو اجاگر کیا تھا جو سرکاری اور نجی شعبے موجودہ جوہری تنصیبات کے استعمال کو برقرار رکھنے، نئی جوہری ٹیکنالوجیز کی تعیناتی، نئے ری ایکٹرز ذمہ داری سے لگانے کا عمل ہموار کرنے، اور مضبوط سپلائی چین اور افرادی قوت کی تعمیر جیسے معاملات میں ہوئی ہیں۔

New York League of Conservation Voters کی صدر Julie Tighe نے کہا، "نیو یارک ان کلین انرجی ٹیکنالوجیز کی اگلی نسل کی جانب بڑھنے میں قیادت کا کردار ادا کر رہا ہے جو ہمارے انرجی گرڈ کو انقلابی طور پر تبدیل کرنے اور ایک پائیدار مستقبل یقینی بنانے کے لیے ضروری ہیں۔ اب جبکہ ہم دیکھ رہے ہیں کہ مینوفیکچرنگ جابز میں اضافہ ہو رہا ہے اور توانائی کی طلب بھی مسلسل بڑھ رہی ہے، تو یہ ضروری ہے کہ ہم ایک مضبوط سبز معیشت کی تعمیر کے لیے جدید ترین حلوں کو بروئے کار لائیں۔ گو ہم شمسی، ہوا اور سمندری ہوا سے بجلی پیدا کرنے والے وسائل کی تعمیر جاری رکھے ہوئے ہیں، تاہم ہمیں نئی ٹیکنالوجی سے بھی استفادہ کرنا لازمی ہے جس میں حرارت سے پیدا ہونے والی توانائی کے نیٹ ورکس بھی شامل ہیں۔ میں گورنر Hochul کا شکریہ ادا کرنا چاہتی ہوں کہ انہوں نے ان بڑے بڑے ماہرین کو اکٹھا کیا تاکہ ہمارے آب و ہوا کے اہداف کو آگے بڑھایا جا سکے اور نیو یارک کے تمام شہریوں کے لیے ایک صاف ستھرا اور زیادہ مستحکم مستقبل یقینی بنایا جا سکے۔"

Alliance for Clean Energy کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر Marguerite Wells نے کہا، "صاف توانائی کی جانب ہماری منتقلی کے بارے میں سب سے شاندار چیزوں میں سے ایک ہماری اختراعی سوچ ہے۔ ہر روزانہ کی بنیاد پر دیکھ رہے ہیں کہ ایسی نئی ٹیکنالوجیز پر تحقیق اور تعیناتی کی جا رہی ہے جو آج استعمال ہونے والی مصنوعات اور طریقوں کو بہتر بناتی ہیں۔ اس اختراعی سوچ نیو یارک اور دیگر عالمی رہنماؤں کی شمولیت سے مزید تقویت ملی ہے۔ ہم گورنر Hochul اور NYSERDA کے معترف ہیں کہ انہوں نے ان عالمی ماہرین کو یہاں اکٹھا کیا تاکہ وہ صاف توانائی کی تعیناتی کے ہمارے مشترکہ مقصد کے لیے اپنے کام کو جتنی جلد ممکن ہو ہمارے ساتھ شیئر کریں۔"

ریاست نیویارک AFL-CIO کے صدر Mario Cilento نے کہا، "یہ سربراہی اجلاس ماہرین کے ایک اجتماع کو ایک جگہ اکھٹا کرے گا، بشمول کارکنان اور ان کی یونینوں کے، جو باہم مل کر ریاست کی صاف توانائی کے اہداف کو حاصل کرنے میں ہماری رہنمائی کریں گے۔ ہم گورنر Hochul کے یہ امر یقینی بنانے کے انکے عزم مصمم کو سراہتے ہیں کہ یونین اراکین ہی نیویارک کے صاف توانائی اور آب و ہوا سے متعلقہ منصوبوں کی تیاری، تعمیر، کام، دیکھ بھال اور مرمت کریں۔".

ریاست نیو یارک کے بلڈنگ ٹریڈز (Building Trades) کے صدر Gary LaBarbera نے کہا، "اب جبکہ ہم بنیادی ڈھانچے کے ان منصوبوں کو سبز جھنڈی دکھاتے رہتے ہیں جو ہمیں ہمارے معیاری سیٹنگ والے صاف توانائی کے اہداف کی جانب لے کر جانے والے بھی ہوں اور ہزاروں خاندانوں کا روزگار برقرار رکھنے والے یونین کیریئرز بھی پیدا کریں، تو نیویارک کو ان اقدامات کی تعیناتی کے لیے نئے اور مؤثر راستے تلاش کرنے کے اپنے عزم مصمم پر ڈٹے رہنا چاہیے۔ آنے والی یہ انرجی سمٹ ان ٹولز کی نشاندہی میں بہت اہم کردار ادا کرے گی جو ہمارے قابل تجدید توانائی کے پروگرام کو اگلی سطح تک لے جائیں اور متوسط طبقے کے لیے ان اقتصادی مواقع اور راستوں کو مزید کھولیں جو ہماری ریاست کے محنت کشوں کو فائدہ پہنچاتے ہیں۔ ہم گورنر Hochul اور NYSERDA کے معترف ہیں کہ انہوں نے اس ایونٹ کا انعقاد کیا اور ہم اس اہم گفت و شنید اور مباحثوں میں شامل ہونے کے منتظر ہوں جو بالآخر ہمارے ماحول کو اور نیو یارک میں رہنے والوں کی آنے والی نسلوں کی زندگیاں بہتر بنانے میں کردار ادا کریں گی۔"

Independent Power Producers of New York کے صدر اور سی ای او Gavin J. Donohue نے کہا، "IPPNY اور اس کے اراکین مسابقتی منڈیوں کے استعمال کے ذریعے اس صاف توانائی کی جانب منتقلی کی حمایت کرتے ہیں جس نے گزشتہ 25 سالوں میں نیو یارک باسیوں کے لیے توانائی کی پیداوار کو زیادہ صاف ستھرا اور زیادہ سستا کر دیا ہے۔ مزید برآں، ہمارے اراکین ریاست پر زور دینے والوں کے قائد بھی ہیں کہ وہ 2040 تک صفر اخراج والے CLCPA کے ہدف کو پورا کرنے اور اسے قابل اعتماد رکھنے کے لیے درکار ٹیکنالوجیز کی نشاندہی کرے، اور ہم صاف توانائی کے وسائل میں سرمایہ کاری جاری رکھنے کے منتظر ہیں جوں جوں ایسے مزید مواقع سامنے آتے جائیں گے۔ گورنر کی تجویز کردہ کلین انرجی سمٹ 2040 کے ہدف کے حصول کے لیے کیے جانے والے کام کو مزید تیز کرنے کا ایک اچھا موقع ہے۔"

IBEW Third District International کے نائب صدر Dennis Affinati نے کہا، "IBEW صاف توانائی کی پیداوار کے لیے اوپر بیان کردہ تمام نقطہ ہائے نظر کی حمایت کرتا ہے۔ ہم گورنر Hochul کے دل سے معترف ہیں کہ انہوں نے صنعت کے ماہرین کا یہ سربراہی اجلاس بلایا تاکہ وہ ایسے اختیارات تلاش کریں جنکے ذریعے جدید ترین ٹیکنالوجیز نیو یارک کو صاف توانائی کے اہداف تک پہنچائیں گی۔"

United Association of Journeymen & Apprentices of the Plumbing and Pipefitting Industry of the United States and Canada International کے نمائندے John Murphy نے کہا، "گورنر Hochul کی جانب سے 'آل آف دی ابو انرجی اسٹریٹجی ('All of the Above Energy Strategy')' پر عمل کرنا نیو یارک کو جدید ترین ٹیکنالوجیز مثلاً چھوٹے ماڈیولر ری ایکٹرز، کلین ہائیڈروجن انفراسٹرکچر، اور جدید تھرمل انرجی نیٹ ورکس کو صفر اخراج کی 100% قوت کو دوبارہ قابل استعمال والے ذرائع کے طور پر تسلیم کرکے اربوں کی وفاقی فنڈنگ کو فعال کرنے کے لیے پوزیشن میں لے آیا ہے۔ یہ سبز اختراعات نہ صرف 7/24 گرڈ کی قابل اعتماد حیثیت یقینی بنائیں گی بلکہ نیو یارک کے ہزاروں خاندانوں کی روزی روٹی برقرار رکھنے والی ملازمتیں بھی پیدا کریں گی تاکہ نیو یارک ایک صاف ستھرے توانائی والے مستقبل تک پہنچ سکے۔"

Boilermakers Local 5 کے بزنس مینیجر Tom Ryan نے کہا، "Boilemakers ہمیشہ نئی توانائی کی ترقی میں رہنما رہا ہے اور ہم ریاست نیو یارک کی توانائی کی ضروریات کے لیے "اوپر والے سبھی" نقطہ نظر کے حامی ہیں۔ مثال کے طور پر، Boilermakers ریاست نیو یارک کے جوہری بیڑے کے لیے نئے طریقوں کی حمایت جاری رکھنے کے لیے پُرعزم ہے۔ تعمیرات سے لے کر دیکھ بھال تک اور ایندھن بھرنے تک، ہم شروع سے ایک ساتھ رہے ہیں۔ Boilermakers ابھرتی ہوئی قابل تجدید توانائیوں کے طور پر فلوٹنگ ونڈ اور ہائیڈروجن دونوں کے ساتھ نئے تعلقات شروع کرنے کے لیے پرجوش اور یکساں طور پر پُرعزم ہیں۔ ہم اس سربراہی اجلاس میں شرکت کے بہت شوق سے منتظر ہیں۔"

The Business Council of New York State, Inc. کی صدر اور سی ای او Heather C. Mulligan نے کہا، "گو CLCPA اور ریاست کو اپنی معیشت کو ڈیکاربونائز کرنے میں مختلف چیلنجوں کا سامنا ہے، تاہم یہ نئی اور ابھرتی ہوئی صنعتوں میں سرمایہ کاریاں کھینچ لانے اور ملازمتوں کو فروغ دینے والے اہم مواقع بھی پیش کر رہی ہے جو کہ صاف توانائی کی جانب منتقلی کے لیے ضروری ہیں۔ ہم NYSERDA اور Hochul انتظامیہ کی جانب سے قابل تجدید جنریشن کی کم لاگت والی تعیناتی اور ان جدید ٹیکنالوجیز کی معاونت کرنے کے لیے اندرون ریاست مینوفیکچرنگ اور سپلائی چین کی ترقی کی کوششوں کی حمایت کرتے ہیں۔ ہم اس موسم خزاں کے سربراہی اجلاس میں شرکت کرنے اور اسکی حمایت کرنے کے منتظر ہیں۔"

Clean Air Task Force کے سینئر ریجنل پالیسی مینیجر John Carlson نے کہا، "پوری معیشت پر محیط ڈیکاربونائزیشن کے لیے نیو یارک کو اپنی صاف اور قابل بھروسہ بجلی کی پیداوار میں ڈرامائی طور پر اضافہ کرنا ہوگا تاکہ ٹرانسپورٹ، صنعت اور عمارتوں کی برقی کاری ممکن بن سکے۔ جیسے نیو یارک قابل تجدید وسائل کے عمل میں رہنما کا کردار ادا کر رہا ہے، بالکل اسی طرح وہ ایسی کلین فرم ٹیکنالوجیز کی تعیناتی کی قیادت بھی کر سکتا ہے جو صارفین کے اخراجات کم کرنے، اعتماد میں اضافہ کرنے، اور ڈیکاربونائزڈ پاور سسٹمز کے بنیادی ڈھانچے کا فٹ پرنٹ کم کرنے کے لیے ثابت ہو چکی ہیں۔ کاربن سے پاک نئی راہوں میں سرمایہ کاری کرنا نہ صرف

صاف توانائی کی جانب منتقلی کے عمل کو تیز تر کر دے گا بلکہ نیو یارک کے لوگوں اور مستقبل کی صنعتوں کو وہ اعتبار بھی فراہم کرے گا جو وہ چاہتے ہیں۔"

Advanced Energy United کی سینئر پالیسی پرنسپل Kristina Persaud نے کہا، "آب و ہوا سے متعلقہ نیویارک کے قابل قدر اہداف حاصل کرنے اور نیو یارک کے تمام شہریوں کے لیے پائیدار اور حسب استطاعت توانائی والے مستقبل کو فروغ دینے کے لیے صاف توانائی کے عمل میں پیشرفتیں کرنا بہت ضروری ہے۔ توانائی کی اگلی نسل تلاش کرنے اور توانائی کے جدید ترین حلوں پر مبنی معیشت بنانے کے لیے NYSERDA کا عزم مصمم توانائی کے منظر نامے کو بدل دے گا اور اس سے ایمپائر اسٹیٹ کے لیے ایک صاف ستھرا، زیادہ مستحکم مستقبل یقینی بن جائے گا۔"

New Yorkers for Clean Power مہم کی ڈائیریکٹر Betta Broad نے کہا، "جیسے جیسے گلوبل وارمنگ میں تیزی آتی جا رہی ہے، یہ ضروری ہوتا جا رہا ہے کہ ہم اپنی ریاست کی سرحدوں سے باہر دیکھیں اور موسمیاتی تبدیلیوں کے بڑھتے ہوئے بحران کو حل کرنے کے لیے جدید ترین ٹیکنالوجیز کے ذریعے دنیا بھر کے اختراع کاروں کے ساتھ شراکت کریں۔ نیو یارک صاف توانائی کے حلوں کی پیشرفت میں ایک قومی اور عالمی رہنما کی حیثیت رکھتا ہے اور ہم NYSERDA کے معترف ہیں کہ وہ نہ صرف جدید ترین کلائمیٹ ٹیک میں دلچسپی لے رہے ہیں بلکہ کمیونٹی کی شمولیت کے اہم کام پر بھی توجہ مرکوز کر رہے ہیں تاکہ سولر اور ہوا جیسی ثابت شدہ ٹیکنالوجیز کی سائٹنگ اور تعمیر کا عمل آسان تر ہو جائے۔"

Partnership for New York City کی صدر اور سی ای او Kathryn Wylde نے کہا، "نیو یارک میں ایک وسیع تر کانفرنس منعقد کرنے والا گورنر Hochul کا یہ فیصلہ ہماری ریاست کی کاربن غیرجانبداری اور قابل تجدید توانائی کے اہداف کو پورا کرنے کے لیے کام کرے گا جس میں جدید جوہری توانائی کے لیے نئی سوچ بھی شامل ہےم اور یہ کام بالکل درست وقت پر ہو رہا ہے اور یہ گورنر کی منفرد صلاحیتوں کا ایک بہترین مظاہرہ ہے کہ انہوں نے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے ماہرین کو ایک مشترکہ مقصد کے لیے باہم اکٹھا کیا۔"

نساؤ اور سافک کاؤنٹیوں کیBuilding and Construction Trades Council کے صدر Matthew Aracichنے کہا، "میں نیو یارک میں گرین انرجی کی ترقی کے لیے کام کرنے پر گورنر Hochul کے عزم مصمم کا دل سے معترف ہوں۔ Future Energy Economy Summit یہ نہ صرف دنیا بھر کے صف اول کے ماہرین کو باہم اکٹھا کرے گی بلکہ یہ مقامی اور ریاستی اسٹیک ہولڈرز کے درمیان باہمی تعاون کی کوششوں کو بھی فروغ دے گی۔ اس طرح کی کوششیں یہاں لانگ آئی لینڈ میں پائیداری اور استحکام کی اگلی نسل لانے کے لیے کام کر رہی ہیں۔ ریاست نیو یارک اور NYSERDA جیسے شراکت داروں کے ساتھ، یہی مستقبل میں آگے بڑھنے کا واحد راستہ ہے!"

گورنر Hochul کی قیادت میں ریاست نے توانائی کی لچک، بھروسے اور قابل استطاعت ہونے والی حالت کو مضبوط کرنے کے لیے متعدد اقدامات کیے ہیں تاکہ نیویارک کو فوسل فیول پر انحصار کم کرنے کی راہ پر گامزن کیا جا سکے۔ ان میں سے بعض حالیہ اقدامات میں 2030 تک 6 گیگا واٹ (gigawatts, GW) توانائی ذخیرہ کرنے کے لیے توانائی ذخیرہ کرنے کے پروگراموں کی منظوری، پوری ریاست پر محیطSolar for All پروگرام کا آغاز، Grid of the Future کی کاروائیوں کا آغاز شامل ہیں جنکی توجہ گرڈ کی لچک کو بڑھانے کے لیے لچکدار وسائل کی ہدفی ترقی اور قابل تجدید توانائی کی ٹیکنالوجیز کی مسلسل ترقی پر مرکوز ہے، جن میں South Fork Wind نامی آف شور ونڈ فارم کی حالیہ تکمیل، Empire Wind 1 کے تعمیراتی کاموں کا آغاز اور Sunrise Wind کے تعمیراتی کاموں کا آغاز شامل ہیں۔

ریاست نیویارک کا ملک میں پہلا موسمیاتی منصوبہ

ریاست نیو یارک کے ماحولیاتی ایجنڈا میں ایک منظم اور منصفانہ منتقلی کا مطالبہ کیا گیا ہے جو گھرانوں کے لیے پائیدار ملازمتیں پیدا کرے، تمام شعبوں میں سرسبز معیشت کو فروغ دے، اور اس بات کو یقینی بنائے کہ صاف توانائی کی سرمایہ کاریوں کے کم از کم 35 فیصد فوائد کا رخ، جنکا مستقبل کا ہدف 40 فیصد ہو، غریب و پسماندہ کمیونٹیز کی جانب رکھا جائے۔ موسمیاتی اور صاف توانائی سے متعلق ملک کے بعض انتہائی پُرعزم اقدامات سے رہنمائی

حاصل کرتے ہوئے، نیویارک کیپ اینڈ انویسٹ پروگرام (New York Cap-and-Invest program, NYCI) اور دیگر تکمیلی پالیسیوں سمیت کاوشوں کے ایک سلسلے پر پیشرفت کر رہا ہے - جن کے ذریعے گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کو 1990 کی سطح سے 2030 تک 40 فیصد اور 2050 تک 85 فیصد تک کم کیا جائے گا۔ نیو یارک سنہ 2040 تک کاربن کے صفر اخراج والے بجلی کے شعبے کے حصول کی راہ پر بھی گامزن ہے، جس میں 2030 تک 70 فیصد قابلِ تجدید توانائی کی پیداوار اور وسط صدی تک پوری معیشت کو کاربن سے پاک کرنے جیسے اقدامات شامل ہیں۔ نیو یارک کی جانب سے صاف توانائی پر بے مثال سرمایہ کاریاں کرنا اس انقلابی تبدیلی کا ایک کلیدی سنگِ بنیاد ہے، جس میں پوری ریاست میں بڑے پیمانے والے 61 قابلِ تجدید اور ٹرانسمیشن پروجیکٹس میں 28$ بلین سے زائد، عمارتوں سے ہونے والے مضر اخراجوں کو کم کرنے کے لیے 6.8$ بلین، شمسی توانائی کا حجم بڑھانے کے لیے 3.3$ بلین، صاف نقل و حمل والے اقدامات کے لیے لگ بھگ 3$ بلین، اورNY گرین بینک کے وعدوں کی مد میں 2$ بلین سے زیادہ کی سرمایہ کاریاں شامل ہیں۔ یہ اور دیگر سرمایہ کاریاں سال 2022 میں نیو یارک کے صاف توانائی کے شعبے میں 170,000 سے زائد ملازمتوں کی معاونت کر رہی ہیں اور سال 2011 کے بعد سے تقسیم شدہ شمسی شعبے میں 3,000 فیصد سے زیادہ کی ترقی لا رہی ہیں۔ گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج میں کمی اور ہوا کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے، نیو یارک نے صفر اخراج کرنے والی گاڑیوں کے ضابطے بھی بنائے ہیں، جن کے تحت 2035 تک پابند بنایا جائے گا کہ ریاست میں فروخت کی جانے والی تمام نئی مسافر گاڑیاں اور لائٹ ڈیوٹی ٹرکس صفر اخراج کرتے ہوں۔ 400 رجسٹرڈ شدہ اور 130 سے زائد مصدقہ موسمیاتی اسمارٹ کمیونٹیز، تقریباً 500 صاف توانائی والی کمیونٹیز، اور ریاست بھر میں 10 پسماندہ کمیونٹیز میں فضائی آلودگی کی نگرانی کرنے اور اسے بتدریج ختم کرنے والے ریاست کے سب سے بڑے کمیونٹی اقدامات کے ذریعے نیو یارک کے ماحولیاتی اقدامات میں مزید تیزی لانے کے لیے شراکت داریاں کی جا رہی ہیں، تاکہ فضائی آلودگی اور موسمیاتی تبدیلیوں کا مقابلہ کرنے والے اپنے اہداف کے حصول میں مدد مل سکے۔

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں